Visit of Vice President of India to Cambodia (11-13 November 2022)

November 07, 2022

ہندوستان کے نائب صدر کا کمبوڈیا کا دورہ (11-13 نومبر 2022)

07 نومبر، 2022

1. ہندوستان کے عزت مآب نائب صدر، جناب جگدیپ دھنکھر 11-13 نومبر 2022 کو آسیان- انڈیا یادگاری چوٹی کانفرنس اور 17ویں مشرقی ایشیا سمٹ میں شرکت کے لیے کمبوڈیا کا دورہ کریں گے۔ کمبوڈیا آسیان کے موجودہ سربراہ کے طور پر ان سربراہی اجلاسوں کی میزبانی کر رہا ہے۔ نائب صدر جمہوریہ کے ساتھ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر بھی ہوں گے۔

2. نائب صدر 12 نومبر 2022 کو نوم پنہ میں آسیان- بھارت یادگاری اجلاس میں شرکت کریں گے۔ اس سال آسیان- بھارت تعلقات کی 30 ویں سالگرہ ہے، اور اسے آسیان- بھارت دوستی سال کے طور پر منایا جا رہا ہے۔

3. 13 نومبر 2022 کو نائب صدر 17 ویں مشرقی ایشیا سربراہی اجلاس میں شرکت کریں گے جس میں آسیان کے دس رکن ممالک (یعنی برونائی دار السلام، کمبوڈیا، انڈونیشیا، لاؤ پی ڈی آر، ملائیشیا، میانمار، سنگاپور، تھائی لینڈ، فلپائن اور ویتنام) شامل ہوں گے۔ اور اس کے آٹھ ڈائیلاگ پارٹنرز ہیں جو کہ یہ ہیں- بھارت، چین، جاپان، جمہوریہ کوریا، آسٹریلیا، نیوزی لینڈ، امریکہ اور روس۔

4. اپنے دورے کے دوران نائب صدر کمبوڈیا کی قیادت کے ساتھ دو طرفہ بات چیت کریں گے۔ سربراہی اجلاس کے حاشیے پر وہ دیگر ممالک کے رہنماؤں سے بھی دو طرفہ ملاقاتیں کریں گے۔

5. نوم پنہ سے واپسی کے دوران، نائب صدر جمہوریہ سیم ریپ کا دورہ بھی کریں گے تاکہ بھارت کی طرف سے کی جانے والی کمبوڈیا کے ثقافتی ورثے کے مقامات کے تحفظ اور بحالی کے کام کا جائزہ لیا جا سکے۔

نئی دہلی

7 نومبر، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.